سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۷۳

SINDH ORDINANCE NO.II OF 1973

سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳

THE SINDH PEOPLE’S LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس II کی دفعہ ۱۰۰ کی ترمیم

Amendment of Section 100 of Sindh Ordinance II of 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے آرڈیننس II کے شیڈول X کی ترمیم

Amendment of Schedule X to Ordinance II of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر II مجریہ ۱۹۷۳
SINDH ORDINANCE NO.II OF 1973
سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳
THE SINDH PEOPLE'S LOCAL GOVERNMENT (AMENDMENT) ORDINANCE, 1973

[۱۷ فروری ۱۹۷۳]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۳۵ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۳ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس II کی دفعہ ۱۰۰ کی ترمیم
Amendment of Section 100 of Sindh Ordinance II of 1972

۲۔سندھ پیپلز لوکل گورنمنٹ آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۱۰۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "ایک جرمانہ جو پانچ سو روپے تک بڑھ سکتا ہے" کے لیئے الفاظ "قید کی سزا ایسی مدت کے لیئے جو تین ماہ تک بڑھ سکتی ہے یا جرمانہ جو ایک ہزار روپے تک بڑھ سکتا ہے یا دونوں ساتھ" متبادل ہوں

گے۔ ۳۔مذکورہ آرڈیننس کے شیڈول X میں، اندراج ۳۵ کے بعد مندرجہ ذیل نئے اندراج شامل کیئے جائیں گے، یعنی: "A۔۳۵۔ کسی عمارت پر کسی اعتراض لائق، گالیوں، نعریباز اور دوسرے نعرو ں یا الفاظ کی تحریر یا پینٹنگ۔ "B۔۳۵۔ عمارت کے مالک یا قبضہ رکھنے والے کی طرف سے اندراج ۳۵ اور A۔۳۵ میں بیان کردہ بلوں، نوٹیسز، پلے کارڈوں، پیپرز اور تحاریر یا پینٹنگس ہٹانے یا مٹانے میں ناکامی۔"۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**	۱۹۷۲ کے آرڈیننس II کے شیڈول X کی ترمیم Amendment of Schedule X to Ordinance II of 1972